Privet

Welcome

Bonjour

# یو کے میں
# خوش آمدید!

Hello


¡ola!

你好

Konnichiwa

Scouts

Save the Children




# یو کے میں خوش آمدید!

ہم جانتے ہیں کہ کسی نئی جگہ چلے جانا گھبراہٹ کا باعث ہو سکتا ہے۔ اسی لیے اسکاؤٹس کے سینکڑوں نوجوانان یو کے میں آپ کا پرجوش انداز میں استقبال کرنا چاہتے ہیں!

ہمیں ملک بھر کے اسکاؤٹس کی جانب سے سینکڑوں کی تعداد میں پیغامات اور ڈرائنگز موصول ہوئی ہیں۔

یہ کتابچہ ان کے اشتراک کے ایک مختصر انتخاب پر مشتمل ہے ۔ ہمیں امید ہے کہ آپ ان کو پڑھ کر لطف اندوز ہوں گے۔

اس کتابچے میں آپ درج ذیل ملاحظہ کریں گے...

**کھائیں اور پینے کی اشیاء کے انتخاب کے متعلق تجاویز**

**قابل دید مقامات**

**برطانیہ کے معروف موسم کے بارے میں مشورہ**

**معاونت اور حوصلہ افزائی کے پیغامات**

...اور مزید بہت کچھ!




پلے ماؤتھ اسکاؤٹس کے 'کبز' جنہوں نے 'خوش آمدید' لکھے سائن بورڈ پکڑے ہوئے ہیں

"موسم سرد ہو سکتا ہے، لیکن ہمارے دل جوش و جذبوں کی حرارت سے گرم ہیں اور آپ کے استقبال کے لیے تیار ہیں۔ آپ اپنے ہمراہ اپنی صلاحیتیں، عزم اور انفرادیت لاتے ہیں، اور ہم آپ کی جانب صرف ستائش و قدر سے رجوع کر سکتے ہیں۔ آپ بہت سے نئے دوست بنائیں گے، جو آپ کو مدد اور معاونت فراہم کریں گے، تاکہ آپ کو اپنے گھر میں ہی ہونے کا احساس ہو سکے۔ مجھے امید ہے کہ آپ اپنے قیام سے لطف اندوز ہوں گے اور میں صدق دل سے دعا گو ہوں کہ آپ کا مستقبل خوشیوں اچھی صحت سے بھرپور ہو!"


*ولیم (William)،سیو دی چلڈرن، یوتھ ایڈوائزری بورڈ کا رکن، عمر 16 سال*

"یو کے بھر میں رہائش پذیر، اسکاؤٹس میں شامل 400,000 سے زیادہ نوجوانوں کے ایماء پر، میں آپ کی استقامت اور بہادری کو آپ کا نمایاں خاصہ قرار دینا چاہتا ہوں۔ آپ کی حوصلہ مندی ہمیں ہر روز متاثر کرتی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ آپ سے جلد ہی اسکاؤٹ گروپ میں ملاقات ہو گی! ہم آپ کو تمام تر گرمجوشی اور دوستانہ خلوص کے ساتھ خوش آمدید کہیں گے، اور ہم آپ سے ملاقات کرنے اور مل کر لطف اندوز ہونے کا بے صبری سے انتظار کریں گے۔"

*لیوک (Luke)، اسکاؤٹس کمیونٹی امپیکٹ گروپ کے رکن، عمر 19 سال*

اسکونز نہایت مقبول برطانوی کیک ہے۔

خود سے اپنے لیے کیک بنانے کی ریسیپی حسب ذیل ہے!


SCONES → THE BRITISH STAPLE:

350g self raising flour
1 tsp baking powder
85g butter (in cubes)
3 tbsp caster sugar
175 ml milk
beaten egg
Jam + clotted cream (to serve)

- oven at 220°c, mix flour, a pinch of salt, and baking powder
- add butter, rub in with fingers till it looks like crumbs
- mix milk and some vanilla extract, then mix with dry mixture
- cut with a 5cm cutter
- brush tops with beaten egg, and bake for 10 mins
- cut in half and cover with cream and jam! ENJOY

ترجمہ اگلے صفحہ پر

منجانب 69 کیبوٹ ایکسپلوررز، برسٹل

# اسکونز: برطانوی سویٹ ڈش

350 گرام میٹھا سوڈا، نمک ملا آٹا
1 چائے کا چمچ بیکنگ پاوڈر
85 گرام مکھن (کیوبز کی شکل میں)
3 کھانے کے چمچ پسی ہوئی چینی
175 ملی لیٹر دودھ
پھینٹا ہوا انڈا
جام اور گاڑھی کریم (سجاوٹ کے لیے)

- اوون کو 220 ڈگری پر گرم کریں، آٹے میں ایک چٹکی نمک، اور بیکنگ پاؤڈر مکس کریں
- مکھن شامل کریں، انگلیوں کی مدد سے اسے اسطرح سے مکس کریں کہ چورا بن جائے
- دودھ اور تھوڑا سا وینلا ایکسٹریکٹ مکس کریں، پھر خشک مکسچر شامل کر کے مکس کریں
- 5cm کٹر کی مدد سے کاٹ لیں
- اس کی اوپری سطح پر برش کی مدد سے پھینٹا ہوا انڈا لگائیں اور 10 منٹ کے لیے اوون میں بیک کریں
- پھر اس کو ہاف کٹ کر کے کریم اور جام لگائیں! مزے سے کھائیں

برطانیہ کی اشیاء پر مشتمل کولاج،





منجانب شورلٹن اسکاؤٹس (Chorlton Scouts)، مانچسٹر

'انگلینڈ اور ویلز میں خوش آمدید' ریڈ کائٹ نامی پرندے کی تصویر کے ساتھ




منجانب سیکنڈ سٹریٹ کلیئرز اسکاؤٹنگ گروپ، ویلز


Welcome to the UK, Well done for making it here! We hope you enjoy your time here.

Try to find and join your local guides or scout unit we are friendly and always able to offer support, and you will make some new friends. Hope you enjoy it here x

یو کے میں خوش آمدید، یہاں تک
آنے کے لیے شاباش! ہمیں امید
ہے کہ آپ یہاں نہایت خوشگوار
وقت گزاریں گے۔ اپنے مقامی
گائیڈز یا اسکاؤٹ یونٹ کو تلاش
کرنے اور ان میں شامل ہونے
کی کوشش کریں۔ ہم دوستانہ
مزاج رکھتےہیں اور معاونت
دینے کے لیے ہمیشہ موجود
ہوتے ہیں اور آپ یہاں کچھ نئے
دوست بھی بنائیں گے۔ امید ہے
کہ آپ یہاں خوب لطف اندوز ہوں
گے


منجانب نوعمر فرد از کینٹ انٹرنیشنل جمبوری 2022




یو کے میں خوش آمدید
انگریزی اور یوکرینی میں


منجانب سپٹ فائر ایکسپلورر اسکاؤٹ یونٹ، کیبوٹ، برسٹل

عربی میں 'خوش آمدید'




منجانب 25 ہارلو الغزالی کبز

یو کے میں خوش آمدید۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ خوش ہوں گے۔ ہمیں امید ہے کہ آپ بہت سے دوست بنائیں گے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ کا خوب خیر مقدم کیا جائے گا۔ منجانب للیان (Lilian)۔




منجانب 8 بارکنگ اور ڈیگنہم بیورز اینڈ کبز، لندن

# خوش آمدید




یوکرین
شام
عراق
اردن
یمن

منجانب 1 ہیساکس اسکاؤٹس،
ویسٹ سسیکس




ہمیں خوشی ہے کہ آپ
نے بحفاظت یہ سفر طے
کر لیا ہے۔

منجانب نوعمر افراد از
کینٹ انٹرنیشنل جمبوری 2022


یو کے میں خوش آمدید!

ہو سکتا ہے یہ مشکل محسوس ہو، لیکن ایسے افراد ہمیشہ موجود ہوتے ہیں جو مدد کرنا چاہتے ہیں۔

ہم امید کرتے ہیں کہ آپ پُرامید اور تحفظ کی آغوش میں ہوں گے!

منجانب نوعمر افراد از

کینٹ انٹرنیشنل جمبوری 2022






برطانیہ کے بارے میں چیزوں پر مشتمل کولاج،
منجانب سیکنڈ ورووڈ بیور اسکاؤٹس




**خوش آمدید۔ یاد رکھیں ہم خیال کرتے ہیں**

منجانب نوعمر افراد از

کینٹ انٹرنیشنل جمبوری 2022

یو کے میں خوش آمدید۔
آپ تنہا نہیں ہیں۔

منجانب نوعمر افراد از
کینٹ انٹرنیشنل جمبوری 2022






یو کے میں خوش آمدید!
ہم امید کرتے ہیں کہ آپ
کا یہاں [خوشگوار] وقت
گزرے گا اور بہت سے
نئے دوست بنائیں گے
نیز ممکنہ طور پر نئے
کھانے آزمائیں گے!
ہم سب امید کرتے ہیں
کہ آپ یہاں بھی محفوظ
محسوس کریں گے۔

منجانب نوعمر افراد از

کینٹ انٹرنیشنل جمبوری 2022

ہمیں آپ کا خیال ہے۔

آپ یہاں محفوظ ہیں۔

ہم آپ کی مدد کریں گے۔

منجانب نوعمر افراد از

کینٹ انٹرنیشنل جمبوری 2022






یو کے میں خوش آمدید!

اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو
تو لوگوں کو ایسا کرنے کا کہیں۔

کوئ یفکر نہ کریں۔

منجانب نوعمر افراد از


کینٹ انٹرنیشنل جمبوری 2022

یو کے میں خوش آمدید۔
ہم آپ کو ترجیحی طور پر
معاونت اور نگہداشت مہیا
کرنا چاہیں گے۔ ہم سمجھتے
ہیں کہ یہ بہت جذباتی وقت
ہو سکتا ہے لیکن ہم آپ کی
مدد کرنا چاہتے ہیں (اور آپ
کو نینڈوز (Nando) لازمی
آزمانا چاہیئے)۔

منجانب نوعمر افراد از

کینٹ انٹرنیشنل جمبوری 2022




Welcome...

I hope you now have the chance to live in peace and be able to get the rest you deserve ♡

Everything will be better very soon.

Keep being strong. I'm proud of you ♡

from Tasha

خوش آمدید...

مجھے امید ہے کہ اب آپ کو سکون سے رہنے کا موقع ملے گا اور آپ وہ آرام محسوس کریں گے جس کے آپ مستحق ہیں۔ جلد ہی سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔

باہمت بنیں۔ مجھے آپ پر فخر ہے۔

منجانب تاشا (Tasha)

منجانب نوعمر افراد از

کینٹ انٹرنیشنل جمبوری 2022

یو کے میں خوش آمدید۔

مجھے امید ہے کہ [آپ] یہاں رہتے ہوئے اس زندگی کو حاصل کر سکیں گے جس کے آپ مستحق ہیں اور اس سے لطف اندوز ہوں گے۔ آپ اپنے بل بوتے پر اس مرحلے سے گزرنے کے لئے ناقابل یقین حد تک مضبوط ہیں۔ امید ہے کہ آپ بہتر زندگی کے لیے محنت کرتے رہیں گے۔


ضمنی پیغام جب [آپ] یہاں ہوں تو نینڈوز اور میکڈونلڈ کو ضرور آزمائیں۔

یہ شروع میں گھبراہٹ کا باعث ہو سکتا ہے لیکن پھر آپ کو اجنبیت محسوس نہیں ہوتی۔

مزید خواتین کی انگلینڈ کی ٹیم نے یوروز (Euros) جیت لیا ہے، ہم جیت گئے! گول

منجانب نوعمر افراد از

کینٹ انٹرنیشنل جمبوری 2022






اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کہ آپ کی زبان کیا ہے، آپ بہرحال ہماری کمیونٹی کا حصہ ہیں۔

آپ ہم سے خوف کا شکار ہو سکتے ہیں لیکن ہم وہ نہیں ہیں جو آپ سمجھ رہے ہیں۔

بلکہ ہم وہ لوگ ہیں جو کسی بھی قسم کے حالات میں آپ کا خیال رکھیں گے۔

منجانب 35 ولزڈن کبز




برطانیہ میں چار
ممالک ہیں:


اسکاٹ لینڈ

ویلز

شمالی آئرلینڈ،

انگلینڈ

منجانب 123 مانچسٹر اسکاؤٹس





ہیلو، مجھے امید ہے کہ آپ اپنے نئے
ملک میں اچھا وقت گزاریں گے۔ پھر آپ
اپنے گھر جیسا ماحول پائیں گے۔

تیر 'آپ کے نئے گھر' اور 'آپ کے
پرانے گھر' کی طرف اشارہ کرتے ہوئے

منجانب اسکاؤٹنگ کے اراکین از شائر اوک، لیڈز


WELCOME
خوش آمدید
منجانب اسکاؤٹنگ کے اراکین از شائر اوک، لیڈز




یو کے میں خوش آمدید!

ہم آپ کے ساتھ اس سفر پر ہیں!

منجانب: یہاں موجود تمام افراد!

منجانب نوعمر افراد از

کینٹ انٹرنیشنل جمبوری 2022

ہیلو اور یو کے
میں خوش آمدید!

منجانب نوعمر افراد از
کینٹ انٹرنیشنل جمبوری 2022




منجانب 1 ہاساکس اسکاؤٹس، ویسٹ سسیکس






ہیلو! آپ سے مل کر خوشی ہوئی، میں ایس (Ace) ہوں اور میرے نام کی جگہ وہ/اس لڑکا استعمال ہوتے ہیں- یو کے میں خوش آمدید!

میں تصور کر سکتا ہوں کہ ایک نئے ملک میں رہنا خوف کا باعث ہے، اور نئے سکاؤٹ گروپس میں شامل ہونا بھی اتنا ہی خوفزدہ کرنے والا ہو سکتا ہے، لیکن ہم آپ کو ہر ممکن معاونت دینے کے لیے حاضر ہیں-



مجھے یہ کہنا ہے کہ یو کے میں ہر کوئی چائے پینا پسند نہیں کرتا (میں نہیں کرتا)، لیکن یہ یقینی طور پر ایک مقبول مشروب ہے- ہمیں مچھلی اور چپس پسند ہیں، جو ایک عام کھانا ہے جو بہت سے لوگ ہفتے میں ایک بار کھاتے ہیں (میری تحقیق کے مطابق)




منجانب 54 پولی ماؤتھ ایکسپلوررز، ہیمپشائر

برطانیہ آنے والے محترم پناہ گزین، میرا نام لوسی (Lucy) ہے اور میں آپ کو وہ ہائیکو (Haiku) دکھاؤں گی جو میں نے آپ کے یہاں پر محفوظ محسوس کر سکنے کے لیے بنائی ہے۔

میں آپ کو صرف یہ بتانا چاہتی ہوں کہ ہم آپ کو اپنے درمیان پا کر بہت خوش ہیں اور ہم آپ سب کو محفوظ رکھیں گے۔ یہ رہی ہائیکو:

برطانیہ میں خوش آمدید
ہم آپ کی یہاں موجودگی سے بہت خوش ہیں
یاد رکھیں کہ آپ ہمارے ساتھ محفوظ ہیں



منجانب اول ویل لینڈ ویلی سکاوٹ، لیسٹر شائر

ہمارے یہاں کا موسم ایسا ہی ہے

Wether meter

[موسم] میٹر:

| Son | rain | thunderstorm | Snow |
| --- | --- | --- | --- |
| سورج | بارش | طوفان | برفباری |

hope you have a good time in the uk


امید ہے کہ آپ کا یو کے میں اچھا وقت گزرے گا



Love from Daniel

ڈینیل کی جانب سے محبت و خلوص


منجانب کبز از پولی ماؤتھ، ہیمپشائر




بارش ہو [گی] بہت تیز
لیکن ہم آپ سے ملاقات
کے بے صبری سے
منتظر ہیں، ہمیں امید ہے
آپ کو یہ پسند آیا ہو گا۔

خوش آمدید

منجانب شارلٹن اسکاؤٹس، مانچیسٹر




# آپ کا یو کے

منجانب نوعمر افراد از

کینٹ انٹرنیشنل جمبوری 2022

بالغ افراد، مزید معلوم کرنے کے لیے یہ اسکین کریں!